URDU



# رشتہ دار نگہداشت کنندگان:بچوں کا باہمی ربط برقرار رکھنا

ورکر کا نام:

فون: 905-895-2318 یا 1-800-718-3850

ایکسٹینشن ____________

ایجنسی کی ویب سائٹ:

www.yorkcas.org

York Region
Children's Aid Society

## بچوں کا باہمی ربط برقرار رکھنا

ہمیں معلوم ہے کہ بچے خاندانوں میں بہترین مظاہرہ کرتے ہیں۔ اگربچہ یا نوجوان گھر پر نہیں رہ سکتا ہے، تو ایسی صورت میں ہدف اسے ایسے لوگوں کے ساتھ رکھنے کا ہے جن کے ساتھ ان کا رشتہ ہو، جیسے کہ توسیعی خاندان یا دوست۔ اسے رشتہ داروں سے متعلق انتظام کہا جاتا ہے، جب کوئی رشتہ دار یا بچے سے جذباتی طور پر قریبی شخص بچے کی دیکھ بھال اور اس کی پرورش کرنے کی بنیادی ذمہ داری لیتا ہے۔ اس وقت کے دوران، Children's Aid Society بچے کے خاندان کے ساتھ دوبارہ محفوظ گھریلو ماحول قائم کرنے کے لیے کام کرتی رہتی ہے۔ ہمارا مقصد اس بات کو یقینی بنانے کے لیے خاندانوں کے ساتھ مل کر کام کرنا ہے تاکہ بچے خاندانوں کے ساتھ محفوظ طریقے سے رہ سکیں۔

## رشتہ دار کو تلاش کرنا

جب Children's Aid Society خاندان کے ساتھ مصروف عمل ہوتی ہے، تو ہم بچے اور اس کے والدین سے ان کے توسیعی خاندان، دوستوں، اور دوسرے معاونین کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ ہم بچوں، والدین، توسیعی خاندان، اور کمیونٹی کو ایک ساتھ لانے کے لیے خاندان میں تلاش کرنے کے طریق کار (فیملی فائنڈنگ پراسیس) کا استعمال کرتے ہیں۔

## رشتہ دار نگہداشت کنندگان

رشتہ داروں میں توسیعی خاندان شامل ہے، جیسے کہ دادا/دادی، چچی، چچا، رشتے کے بھائی بہن، یا دوست۔ یہ بچہ کے حلقے یا کمیونٹی کا کوئی رکن بھی ہوسکتا ہے جس کے ساتھ بچہ کا گہرا رشتہ ہو۔ دوسرے لوگ، جیسے کہ پڑوسی، اساتذہ، کوچز، مذہبی برادری کے اراکین، یا یومیہ نگہداشت فراہم کنندگان، جو بچے کو جانتے ہوں وہ بھی بچے کی نگہداشت کے لیے منصوبہ پیش کر سکتے ہیں۔

## رشتہ دار نگہداشت کنندہ بننا

آپ بچے کی نگہداشت کا منصوبہ پیش کرنے کے لیے Children's Aid Society سے رابطہ کر سکتے ہیں، یا آپ سے آپ کی مدد کرنے کی صلاحیت کے بارے میں پوچھ تاچھ کرنے والا ورکر رابطہ کر سکتا ہے۔

## رشتہ دار نگہداشت کنندگان کی تشخیص کرنا

امکانی نگہداشت کنندہ ملنے کے بعد، بچے کو نگہداشت فراہم کرنے کی ان کی صلاحیت کو یقینی بنانے کے لیے ایک تشخیص انجام دی جاتی ہے۔ رشتہ دار نگہداشت کنندگان کو اس طرح سے بچے کی ضروریات کی تکمیل کر پانے کی اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کرنا ہوگا جیسے کہ وہ عبوری طور پر اس کے والدین ہوں۔ انہیں پولیس سے متعلق پس منظر اور چائلڈ ویلفیئر کی پڑتالیں بھی مکمل کرنی ہوں گی۔

## رشتہ دار کے ساتھ رہنے والے بچوں اور نوجوان کے لیے فوائد

- ایسے لوگوں کے ساتھ رہنے کے اہل ہوتے ہیں جنہیں وہ جانتے اور بھروسہ کرتے ہیں
- ان میں خاندان کے ساتھ اپنی شناخت اور وابستگی کا مضبوط احساس ہوتا ہے۔
- اپنے سگے بھائی بہنوں کے ساتھ رہنے کا زیادہ امکان ہوتا ہے
- اپنی کمیونٹی میں رہنے کا زیادہ امکان ہے اور اسکول تبدیل کرنے کا کم امکان ہوتا ہے
- بھاگ جانے کا کم امکان ہوتا ہے
- حالات سے ابھرنے اور بڑھ کر پراعتماد بالغ بننے کی صلاحیت پیدا کرنے کے زیادہ بہتر طور پر اہل ہوتے ہیں

## رشتہ دار نگہداشت کنندگان کی ذمہ داریاں

- محفوظ، مامون، معاون، اور پرورش والا گھر فراہم کرنا
- ے کے لیے منصوبہ بندی میں حصہ لینا
- بچے کی اس کے والدین کے ساتھ رشتے کو برقرار رکھنے میں مدد کریں
- بچہ کی نگہداشت کے لیے مالی اور قانونی طور پر ذمہ دار بنیں

## رشتہ دار نگہداشت کنندگان کے لیے معاونت

رشتہ دار نگہداشت کنندگان کو Children’s Aid Society کی جانب سے اپنے گھر پر رہنے والے بچے کی معاونت میں مدد کے لیے امدادی ورکر (سپورٹ ورکر) تفویض کیا جاتا ہے۔ رشتہ دار نگہداشت کنندگان اونٹاریو ورکس، Canada Child Benefit، اور مراعات یافتہ ڈے کیئر کی جانب سے نگہداشت کی عارضی معاونت کے لیے بھی اہل ہوسکتے ہیں۔

## آپ کا کنشپ سروس ورکر

- آپ کی نگہداشت میں موجود بچے کے لیے منصوبے اور اہداف کی تیاری میں مدد کرتا ہے
- کمیونٹی سروسز کو ہدایات فراہم کرتا ہے اور آپ کو خدمات کے لیے درخواستیں مکمل کرنے میں مدد کرتا ہے
- بچے کے اسکول کے ساتھ کام کرنے میں آپ کی مدد کرتا ہے
- رہائش کے نئے انتظامات سے موافق ہونے

## قانونی ذمہ داریاں

اگر کسی بچے کو عدالت کے فرمان کے ذریعہ آپ کے گھر میں رکھا جاتا ہے، تو آپ کو اس کارروائی میں معاونت کے لیے ایک وکیل رکھنے کا حق ہے۔ آپ قانونی امداد کے دفتر میں معاونت کی درخواست کر سکتے ہیں (1-800-668-8258)۔ اگر آپ وکیل حاصل کرنے سے قاصر ہیں، تو عدالت کی تاریخ والے دن آپ ڈیوٹی قونصل (عدالت کے ذریعے فراہم کردہ مفت وکیل) سے بات کرنے کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔ عدالت کی تاریخ والے دن ڈیوٹی قونصل سے بات کرنے کے لیے، سائن اپ کرنے کے لیے حتی الامکان جلد سے جلد آنا بہتر ہے کیونکہ وہاں پر زیادہ وقت تک انتظار کرنا پڑ سکتا ہے۔

## آپ کے حقوق

آپ کو درج ذیل کا حق حاصل ہے:

احترام اور ثقافتی لحاظ سے حساس انداز میں سلوک کیا جائے

کسی بھی ملاقاتوں اور Children’s Aid Society کے ساتھ سبھی تعاملات کے دوران مترجم کی خدمت پیش کی جائیں

اپنے خاندان کے لیے سروس پلانز کی تیاری میں شامل کیا جائے

اپنے خاندان سے متعلق فیصلہ سازی میں شامل ہو سکیں

پیشہ ورانہ اور بروقت انداز میں خدمات کی توقع کرنے کا

اپنے سوالات کے جوابات حاصل کرنے اور فوری طور پر فون کالز کا جواب دیے جانے کا

کسی بھی فیصلے یا اعمال کے بارے میں تمام اختیارات یا نتائج کے بارے میں جاننے کا

قانونی اور عدالتی کارروائی کو سمجھنے کا اگر یہ آپ کے حالات میں قابل اطلاق ہو

تاثرات فراہم کرنے یا آزادانہ طور پر خدشات/ شکایات کا اظہار کرنے کے قابل ہوں

اپنی معلومات کو خفیہ رکھ سکیں

آپ کی درخواست پر آپ کے ریکارڈ میں موجود آپ کی معلومات تک رسائی دی جائے

## آپ کی ذمہ داریاں

- ورکرز اور عملہ کے ساتھ احترام کا سلوک کریں
- ورکرز اور عملہ کے ساتھ فوری طور پر بات کریں
- اگر آپ کے سوالات یا شکایات ہیں تو اپنے ورکر سے بات کریں
- قانونی شناخت فراہم کریں (جیسے ڈرائیور کا لائسنس)

## شکایت کیسے درج کرائی جائے

ہم آپ کی خدشات کو سمجھنے اور نتیجے پر پہنچنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرنا چاہتے ہیں۔ مہربانی کرکے ورکرز کے ساتھ اپنی خدشات کے بارے میں جتنی جلد ممکن ہو بات کریں۔

Children’s Aid Society کی رسمی ضابطہ شکایت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، مہربانی کرکے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں:

.www.yorkcas.org/client.asp

## مقامی شناخت اور ورثہ

اگر آپ یا آپ کے بچے کی شناخت فرسٹ نیشنز، انوئیٹ یا میٹس، یا مقامی وراثت رکھنے والے کے طور پر ہے، تو ہم آپ کو **Dnaagdawenmag Binnoojiiyag Child and Family Services** سے جوڑیں گے، جو کہ ملک میں بچے اور خاندان کی بہبود سے متعلق مقامی ایجنسی ہے جو مقامی کمیونٹیز کو ثقافتی اور روحانی لحاظ سے موزوں خدمات فراہم کرتی ہے۔ ان سے **705-295-7135** پر رابطہ کریں یا **www.binnoojiiyag.ca** ملاحظہ کریں۔

### اہم فون نمبرز

اونٹاریو ورکس **(Ontario Works)** کے ذریعہ نگہداشت سے متعلق عارضی معاونت:

**York Region**
1-877-464-9675
www.york.ca

**Toronto**
416-397-0330
www.toronto.ca/socialservices

**Peel**
905-793-9200
www.peelregion.ca/hsapply

**Durham**
905-428-8982
www.durham.ca

**Simcoe**
705-722-3132
www.simcoe.ca

**Canada Child Benefit**
1-800-387-1193

**Telehealth Ontario**
1-866-797-0000

**Legal Aid Ontario**
1-800-668-8258

### ہم سے رابطہ کریں

رضاعی نگہداشت
fostering@yorkcas.org

گود لینا
adoption@yorkcas.org

رضاکار بنیں
volunteering@yorkcas.org

پیشکشیں
speakers.bureau@yorkcas.org

عطیہ دیں
www.yorkregionchildrensfund.org

ملازمت
human.resources@yorkcas.org

**Twitter** پر ہمیں فالو کریں
@YorkRegionCAS